

تبصرہ کتب

مولانا محمد ابراہیم فانی صاحب

تبلیغی جماعت کی دینی جدوجہد : ماہنامہ الرشید لاہور کا خصوصی نمبر مرتب : مولانا عبدالرشید ارشد مدظلہ
ضخامت : ۸۳۲ صفحات۔ قیمت :۔ /۳۰۰ روپے۔ سالانہ خریداروں کیلئے رعایتی قیمت : ۔ /۱۵۰ روپے
۔ ملنے کا پتہ : دفتر ماہنامہ الرشید ۲۵۔ لوئر مال لاہور

ماہنامہ الرشید لاہور کا عظیم الشان ضخیم اور تاریخی اہمیت کا حامل یہ خصوصی نمبر تبلیغی جماعت کے بانی حضرت مولانا محمد الیاس صاحبؒ اور دیگر زعماء حضرات مولانا محمد یوسفؒ اور حضرت مولانا محمد انعام الحسنؒ کی دینی کوششوں اور اصلاحی جدوجہد کے متعلق ایک مستند تحقیقی دستاویز ہے۔ ۸۳۲ صفحات پر مشتمل یہ خصوصی شمارہ تبلیغی جماعت کی دینی جدوجہد کے عنوان سے معنون ہے جس میں بانی جماعت حضرت مولانا محمد الیاسؒ کی سوانح حیات تعلیمات وملفوظات امت کی اصلاح کیلئے آپ کی ہمہ تن سوز اور اسلام کے آفاقی پیغام کو عام کرنے کے بارے میں منتشر مواد یکجا کیا گیا ہے۔ مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی مدظلہ نے مولانا محمد الیاس اور ان کی دینی دعوت کے نام سے شہرہ آفاق کتاب لکھی تھی اور اسی طرح مولانا منظور نعمانی کے مرتب کردہ افادات ملفوظات مولانا محمد الیاسؒ ان کے علاوہ حضرت مولانا محمد یوسف صاحبؒ اور حضرت مولانا انعام الحسن صاحب کی تعلیمات اور سوانح پر بیش قیمت مقالات اور مضامین اس خصوصی اشاعت میں شامل ہیں۔ تبلیغی جماعت کے ان اساطین اور جماعت کی دینی دعوت کے متعلق ایسے معلومات موجود ہیں جو کسی بھی جملہ یا کتاب میں یکجا موجود نہیں۔ گویا زیر تبصرہ خصوصی نمبر تبلیغی جماعت کے متعلق ایک مستقل دائرۃ المعارف اور انسائیکلو پیڈیا ہے سیر وسوانح جماعت دلچسپی رکھنے والوں اور تبلیغی جماعت کے ساتھ کام کرنے والوں کیلئے بالخصوص اور عام اردو دان طبقہ کیلئے اس خصوصی نمبر کا مطالعہ از حد مفید ہے۔ الغرض یہ ضخیم نمبر اپنی باطنی رعنائیوں کے ساتھ ساتھ ظاہری گٹ اپ کے اعتبار سے بھی دیدہ زیب ہے۔

ماہنامہ الرشید لاہور خصوصی شمارہ "شہید حکیم محمد سعیدؒ نمبر"

مرتب : مولانا عبدالرشید ارشد۔ ضخامت :۲۵۶ صفحات۔ قیمت :۔ /۷۵ روپے۔

ناشر : عبدالرشید ارشد ۲۵۔ لوئر مال لاہور